بخدمت فیض درجت جناب فیض مآب مخدوم و مکرم بندہ جناب خلیفہ سید نورالدین صاحب بخاری دام اقبالہٗ بگزرد - ملتمسہٗ پیشکار :- کمترین پنڈت اجودھیا پرشاد اسسٹنٹ کمشنر

تحصیلدار لاہور

سلسلہ نمبر ۲۵ - عجائب گھر نمبر ۱۴۰۵

پروانہ بنام دیوان رام ناتھ نائب تحصیلدار بھوانہ ضلع کانگڑہ مع بڑی گول مُہر صاحب کمشنر بہادر

مورخہ ۲۷ر جون ۱۸۶۴ء (مشتمل بر دو اختیارات) سائز ۳۳ سم × ۲۲ سم - قلم متوسط - خط اچھا ہے -

کل تیرہ سطور (زبان اُردو)

آغاز :- ۶ سم قطر کی بڑی گول مُہر جس میں دفتر کا نام اُردو میں بہت جلی لکھا ہے اور ہندی میں بھی ہے - مُہر کے نیچے ایڈورڈ لیک کے دستخط انگریزی میں ہیں -

از پیش گاہ کرنیل ایڈورڈ لیک صاحب بہادر کمشنر مال و سپرنٹنڈنٹ قسمت دوآبہ جالندھر

رفعت و عوالی مرتبت دیوان رام ناتھ نائب تحصیلدار بھوانہ ضلع کانگڑہ حفظہ حسب منشائے سرکلر کتابی نمبر ۴۴ صاحب جوڈیشل کمشنر بہادر ممالک پنجاب وغیرہ مورخہ ۲۴ ستمبر ۱۸۶۰ء و منظوری جدید صاحب فنانشل کمشنر مندرجہ گزٹ پنجاب نمبری ۴۹ مورخہ ۱۸ر جون ۱۸۶۴ء تم کو صیغہ مال میں اپنے پرگنہ کے حدود کے اندر اختیارات تحصیلداری درجہ دوم حسب تفصیل دی جاتی ہیں - اور اجازت دی جاتی ہے کہ اختیاراتِ مذکورہ کو عمل میں لاتے رہو - - - - - -

. . . .

دستخط ایڈورڈ لیک بحروف انگریزی   کرنل ایڈورڈ لیک صاحب بہادر کمشنر مال و سپرنٹنڈنٹ
قسمت دوآبہ جالندھر

سلسلہ نمبر ۲۶ - عجائب گھر نمبر ۱۴۰۶

پروانہ بنام دیوان رام ناتھ نائب تحصیلدار بھوانہ ضلع کانگڑہ مع بڑی گول مُہر و دستخط ایڈورڈ لیک بحروف انگریزی - مورخہ ۲۷ر جون ۱۸۶۴ء - سائز ۳۳ سم × ۲۲ سم - قلم متوسط - خط اچھا ہے - کل سترہ سطور زبان اُردو (مشتمل بر سہ ہدایات)

آغاز :- از پیش گاہ کرنیل ایڈورڈ لیک بہادر سول جج قسمت دوآبہ جالندھر

رفعت و عوالی مرتبت

. . . . . .

اختتام :- کرنیل ایڈورڈ لیک صاحب بہادر سول جج قسمت دوآبہ جالندھر
دستخط ایڈورڈ لیک بحروف انگریزی

سلسلہ نمبر ۲۷ - عجائب گھر نمبر ۷، ۸۰

پروانہ بنام دیوان رام ناتھ نائب تحصیلدار بھوانہ ضلع کانگڑہ مع بڑی گول مُہر و دستخط ایڈورڈ لیک بحروف انگریزی۔ مورخہ ۲۷ر جون ۱۸۶۴ء (زبان اُردو) سائز ۳۳ سم × ۲۲ سم قلم متوسط خط اچھا ہے۔ کل ۲۵ سطور۔ مع فہرست (۳۹) اختیارات مشتمل بر چہار صفحات

آغاز :- از پیش گاہ کرنیل ایڈورڈ لیک صاحب بہادر سشن جج دوآبہ بست جالندھر
رفعت و عوالی مرتبت . . . . .

اختتام :- کرنیل ایڈورڈ لیک صاحب بہادر سشن جج قسمت دوآبہ بست جالندھر
دستخط ایڈورڈ لیک بحروف انگریزی

سلسلہ نمبر ۲۸ - عجائب گھر نمبر ۸، ۸۰

پروانہ بنام دیوان رام ناتھ نائب تحصیلدار بھوانہ ضلع کانگڑہ مع بڑی گول مُہر و دستخط کرکرافٹ بحروف انگریزی۔ مورخہ ۹ر جون ۱۸۶۵ء (مشتمل بر ہدایات و اختیارات) زبان اُردو۔ سائز ۳۳ سم × ۲۲ سم۔ قلم متوسط۔ بدخط۔ ۱۹ سطور سامنے اور دو ترچھی سطور حاشیے میں

آغاز :- رفعت مرتبت دیوان رام ناتھ نائب تحصیلدار بھوانہ ضلع کانگڑہ حفظہ

اختتام :- اور آپ کو چاہیے کہ آپ ٹھیک ٹھیک قواعد قانون اور ضابطہ کی مطابقت کریں کہ جو مقدمات فوجداری کے تصفیہ میں آپ کی مدد کے واسطے موضوع ہیں یا موضوع کیے جاویں گے۔

تحریر ۶ر جون ۱۸۶۵ء دستخط بحروف انگریزی

(اس پروانے کی زبان میں شائستگی کا پہلو نمایاں ہے)

مکاتیب و خطوط

(تعدادِ نو)

سلسلہ نمبر ۱ - عجائب گھر نمبر ۶۹۲/۰۲۰۲

راجہ سروپ سنگھ بہادر کا خط کسی یورپین کے نام

مورخہ ۴ مارچ ۱۸۶۰ء - سائز ۴۴ سم × ۲۲ سم متوسط قلم - بخط شکستہ ۱۷ سطور - زبان فارسی

صاحب والامناقب مہربان کرم فرمائے مخلصان سلامت

بعد تمہیدِ مراسمِ شوقِ حصولِ دولتِ ملاقاتِ سامی کہ ہجو ترا بہ مدارجِ اخلاقِ گرامی ممکن التحریر نیست
مشہودِ ضمیرِ عطوفت . . . . . می آید کہ بدریافتِ نویدِ فرحت جاوید و مژدۂ سراپا امیدِ ممتازیِ
عہدۂ جلیلۂ کمشنری پنجاب . . . آں مشفق مکرم اوّلاً موادِ فرحت و سامانِ مسرت و ثانیاً از تشریف
بری سامی از فاصلۂ قریب کہ ذریعہ حصولِ ملاقات آں مشفق مکرم بود، خیلے بگرانیِ خاطر . . . خیال مخلص
گردید - از آنجا کہ آں مجمعِ اشفاق و منبعِ اخلاق بہ اوصافِ رفقاپروری و دوست نوازی عموماً موصوف و شفیقِ
دلنواز و مربیِ غمخوار اخلاص کیش . . خصوصاً ہستید. بہر کیف ظہورِ ایں مژدۂ جاں نواز بہ کشائشِ عقود . .
دوستانِ یکدل و افتتاحِ گنجینۂ مراداتِ محبان دوستی . . منزل . . . بے ریا دلیلی است قوی
پس ہر شب بدرگاہ ایزدِ متعال دست بہ دعا دارم کہ زیادہ ازیں ترقیِ عہدہ . . . و افزایشِ
مرتبہ و مناصب . . . بہ نویدانِ مسرت افزائے خاطرِ محباں و فرحت پیرائے طبعِ دوستاں باشد
. . پیوستہ . . . بامراد . . . خوشنودیِ مزاجِ سامی مسرور الوقت و شادکام می
فرمودہ باشند

مربع مہر ۳ سم × ۳ سم راجہ سروپ سنگھ بہادر اکال سری

تحریر چہارم مارچ ۱۸۶۰ء

پشت پر اُردو میں یوں لکھا ہے :۔

از کمشنری لاہور۔ جواب مناسب تحریر کیا جائے

المرقوم ۲۳ر مارچ ۱۸۶۰ء دستخط بحروف انگریزی

سلسلہ نمبر ۲ - عجائب گھر نمبر ۱۴۰۹

مکتوب جرنیل پنجاب سنگھ مورخہ یکم کاتک سمت ۱۹۵۱ (۳۱ر اکتوبر ۱۸۹۴ء) زبان اُردو جس کا حوالہ کپتان ٹریوور کے انگریزی خط بنام مسٹر سی جے راجرز مورخہ ۱۵ر اکتوبر ۱۸۹۴ء میں دیا گیا ہے[ٹ]۔ سائز ۳۰ ½ سم × ½ ۱۷ سم، متوسط قلم، خط شکستہ مائل، سیالکوٹی کاغذ، ۶ سطور سامنے، ۲ آٹھ ترچھی حاشیے میں۔

بخدمت مشفق کپتان ٹریوور صاحب بہادر

بعد تسلیم۔ بوالسی چٹھی تحریر خدمت کرتا ہوں کہ سال سمت ۱۹۲۰ میں مہاراجہ صاحب بہادر رنبیر سنگھ نے جرنیل ہوشیارا جی کو واسطے چڑھائی منوری کوٹ حکم فرمایا۔ بعد فتح یابی منوری کوٹ سپاہیاں کو تمغہ جات عطا فرمائے گئے۔ افسران کو گھنٹہ عطا ہوئی۔ گھنٹہ کے بیچ میں تصویر مہاراجہ صاحب بہادر لگائی گئی تھی۔ اور سپاہیاں کے تمغہ جات میں عکس پہاڑی بنائے گئے تھے اور نام منوری کوٹ لکھا۔ فقط

جرنیل پنجاب سنگھ یکم کتک سمت ۱۹۵۱

سلسلہ نمبر ۳ - عجائب گھر نمبر ۱۴۱۰/۹ - تی

پوسٹ کارڈ مورخہ ۲ر نومبر ۱۹۲۶ء از میرزا فہیم گرانیاری مقیم لاہور بنام مرزا یاس یگانہ ۶۶، شاہ گنج، لکھنو

۲۳ سطور۔ پوسٹ آفس پیسہ اخبار سے ۲۶ر نومبر کو نکل کر یہ کارڈ ۲۸ر کو لکھنو پہنچ گیا۔ یہ ایک نجی خط ہے جس میں لاہور آنے کے لئے زور دیا گیا ہے۔ اور چند چیزوں کی فرمائش کی گئی ہے :۔

سلسلہ نمبر ۴ - عجائب گھر نمبر ۱۴۱۱/۸ - تی

پوسٹ کارڈ مورخہ ۷ر جنوری ۱۹۲۷ء از منشی دیانرائن نگم ایڈیٹر "زمانہ" کانپور بنام مرزا یاس یگانہ لکھنوی، چنگڑ محلہ، لاہور

۹ سطور۔ ۷ر جنوری کا لکھا ہوا کارڈ ۸ر جنوری کو ڈاک کے حوالے کیا گیا اور ۱۱ر جنوری کو لاہور پہنچ گیا۔ اس خط میں تازہ ترین غزل یا نظم کی فرمائش کے علاوہ تصویر بغرض اشاعت بھی مانگی گئی ہے۔

ٹ ملاحظہ ہو حصہ انگریزی خط نمبر ۳

سلسلہ نمبر ۵ - عجائب گھر نمبر ۱۴۱۲/۹-یو

مکتوب مورخہ ۷ر جنوری ۱۹۲۷ء از سید ذوالفقار علی بخاری (دہلی سے) بنام میرزا یاس لکھنوی معرفت "حفظ العلوم" لاہور

سائز ۲۰½سم × ۱۲سم - ۱۰ سطور - دیوان پر اصفہانی صاحب سے ریویو لکھوانے کے بارے میں خیال ظاہر کیا گیا ہے۔

سلسلہ نمبر ۶ - عجائب گھر نمبر ۱۴۱۳/۱۰-یو

مکتوب مورخہ ۲۳ر فروری ۱۹۲۷ء از سید ذوالفقار علی بخاری (دہلی سے) بنام میرزا یاس لکھنوی - سائز ۲۱½سم × ۱۷سم - ۸ سطور - وزن اور تقطیع کے بارے میں ایک استفسار

سلسلہ نمبر ۷ - عجائب گھر نمبر ۱۴۱۴/۳-ا

مکتوب مورخہ ۲۲ر اپریل ۱۹۴۳ء از نواب سر نظامت جنگ وقار آباد، حیدر آباد - (دکن) بنام ایڈیٹر پیسہ اخبار، لاہور

سائز ۲۰سم × ۱۲½سم، ۲۰ سطور

"مدینہ فنڈ" کے بارے میں تجاویز اور اپیل۔

سلسلہ نمبر ۸ - عجائب گھر نمبر ۱۴۱۵/۸-ایجس

خط مولانا عبدالماجد دریا بادی بنام ابوسعید بزمی ایڈیٹر "مدینہ" بجنور

(بجواب مراسلۂ ثانی الذکر) دفتر اخبار "صدق"

دریا باد - ضلع بارہ بنکی مورخہ ۳۱ر مارچ ۱۹۴۳ء

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ

مجھ تک کب اُن کی بزم میں آتا تھا دَورِ جام

آپ کا رجسٹرڈ لفافہ دیکھ کر میں بڑے چکر میں پڑ گیا۔ بھلا اپنے وقت کا راسپوٹین اور حسن بن صباح آپ کے التفات کے قابل کب ہو سکتا ہے؟ کئی منٹ کے تذبذب و تامّل کے بعد ہی کھولنے کی ہمت ہوئی۔

آپ فرماتے ہیں کہ آپ نے صرف اُصولی بحث کی اور وہ بھی مسئلہ سینما پر! آپ کے بیان

کی تردید کی ہمت اِس عالم میں کہاں سے لاسکتا ہوں۔ اُسی عالم کے لیے اُٹھائے رکھتا ہوں۔ جہاں مدینہ کی پوری فائیل اس درمیان کی موجود ہوگی

اِقرأ کِتابَکَ کَفٰی بِنَفسِکَ الیَومَ عَلَیکَ حَسِیبًا ط

مجھ غریب کا معیارِ صحافت یقیناً آپ کے معیار سے بہت مختلف ہے۔ میں نے تو ملت کے سب سے بڑے صحافی محمد علیؒ کو ایک بار نہیں، متعدد بار تبادلہ بند کرتے دیکھا ہے۔ اور خیال ایسا پڑتا ہے (گو پورے یقین کے ساتھ نہیں کہہ سکتا) کہ نگار اور ھند سے تبادلہ معارف نے بھی بند کیا ہے۔

جب مسلسل ہجویہ نظمیں آپ چھاپنے لگے تو آخر میری ہمت ہی جواب دے گئی۔ عافیت اسی میں نظر آئی کہ پرچہ کا پڑھنا ہی سرے سے بند کر دوں ——— تبادلہ کے کچھ حدود تو آپ نے بھی قائم کیے ہوں گے یا ہر چھپے ہوئے پرچہ سے تبادلہ کے لئے آپ تیار ہو جاتے ہیں؟

مولوی ظفر الملک سے ملاقات مہینوں سے نہیں ہوئی نہ خط و کتابت میں کہیں بجز شاذ و نادر کے ہوتی ہے۔ ترکیا مراسلہ پڑھا؟ معاف کیجیے گا۔ آپ ہی کی تحریروں نے اب دل کڑا کر دیا ہے۔ آنے کے قبل اگر اس مراسلہ کو پڑھتا تو عجب نہیں کہ اذیت محسوس کرتا۔ اب تو محض ہنسی ہی آتی رہی۔ ظالم نے شروع سے آخر تک ہر چیز کیسی مسخ کر دی ہے! العظمۃُ لِلّٰہِ!!

"ندوہ" کی مخالفت میں نے کب اور کہاں کی ہے؟ اب تک تو اس کی حمایت و مدافعت ہی کا مجرم رہا ہوں۔ مولٰنا عبد الباری ندوی اور غازی مسعود صاحب سے مجھ سے جنگ کہاں اور کب ہوئی ہے؟ دونوں کا اب تک نیاز مند ہوں، دوست ہوں، مخلص ہوں۔ رہا یہ کہ کسی معاملہ میں، کسی جزئیہ میں، کہیں کوئی صورتِ اختلاف یا شکر رنجی کی پیدا ہی نہ ہو، تو یہ طویل سابقہ کی وجہ سے باپ بیٹے میں، بھائی بھائی میں اِلّے تدبیری میں، اس عالم ناسوت میں کب ہو پایا ہے؟ اب رہے سعید صاحب اور ڈاکٹر صاحب، ان دونوں صاحبوں کے سلسلہ میں تو آپ کے "حق اندیش" صاحب کو بدگمانی کی خفیف ترین وجہ بھی نہیں۔ دونوں میرے مخدوم ہیں، بزرگ ہیں۔

مولانا تھانوی سے میری "بیعت" کا علم انہیں بزرگ کو ہوگا، مجھے آج تک نہیں۔ میں تو بڑی تفصیلی سرگزشت صدق میں لکھ چکا ہوں۔ مولوی عبد الباری صاحب وغیرہ تو یقیناً مجھ سے کہیں بہتر ہیں۔ لیکن یہاں سوال بہتری اور بدتری کا سرے سے ہی نہیں۔ بیعت کی پہلی شرط انقیادِ کامل ہے، مجھ میں وہی سرے سے مفقود ہے۔

رہی "ندوہ" کی رکنیت۔ سو میں "حق اندیش" صاحب کا تہِ دل سے ممنون ہوں گا اگر وہ میرا

استعفا ڈاکٹر صاحب اور سید صاحب کے ہاں سفارش کر کے منظور کرا دیں۔

مجھے اب تک فخر تھا کہ اسلامی ہند میں میرا ایک بھی دشمن نہیں۔ میرا یہ "غرور" اللہ نے آپ کے ہاتھ سے تڑوا دیا۔ "حق اندیش" صاحب نے اپنے اور سارے طعنوں کی طرح میری رؤیین تن پر طعن ہی بالکل بے محل کیا ہے۔ میں "رؤیین تن" صرف دشمنانِ اسلام کے مقابلہ میں ہوں۔ میری ذات جو صاحب موضوعِ سخن بنانا چاہتے ہیں، ان کے مقابلہ میں تو میں بزدل ترین ہوں۔

"حق اندیش" صاحب کو پورا اطمینان دلا دیجئے کہ جتنی بے دردی سے چاہیں، تیر اندازی فرمائیں ان شاء اللہ ایک چیز کا بھی جواب نہ پائیں گے۔

زیمنِ عشق بہ کہ . . . صلح کن گردیم
تو خصم باش و زما دوستی تماشا کن

بدخطی پر معافی کا خواستگار ہوں

والسلام

عبدالماجد

سلسلہ نمبر ۹ - عجائب گھر نمبر ۱۴۱۶ / ۱ ۱/۵

مکتوب مورخہ ۸ر اگست ۱۹۵۱ء از احسان دانش، لاہور

بنام مولانا حفظ الرحمٰن، پیسہ اخبار سٹریٹ، لاہور۔ سائز ۲۲ سم × ۱۷½ سم، ۱۲ سطور

احسان دانش — عقاب کا نشان بنایا ہے

انگاشتہ — اور نیچے ایک سبز پٹی میں "مکتبہ دانش

۸ر اگست ۵۱ء — مزنگ" چھپا ہے۔

شمارہ

مکرمی مولینا حفظ الرحمٰن صاحب السلام علیکم

آپ نے فرمایا ہے کہ جب تک بنیادی نقص معلوم نہ ہو، تمدن کی اصلاح کیسے ممکن ہے، زمانے نے تو اصل اسلام کے خدوخال تک مٹا دیئے ہیں۔ آپ کا فرمانا ایک حد تک درست ہے لیکن میری رائے میں کوئی بات ناممکن نہیں! مسلمانوں کے انحطاط کا سبب اس کے سوا کچھ نہیں کہ رسول کریمؐ کے وصال کے بعد جب کوئی مشکل پڑی یا اُلجھن پیش آئی تو فیصلے کے لئے یا تو وقت کے قانون سے مدد لی گئی یا دُعمار کے دماغوں نے فیصلے کر دیئے۔

کسی نے یہ سوچنے کی زحمت نہ کی (کہ) وقت کا قانون اور انسانی عقل کی عقدہ کشائی دونوں

اعتماد کے قابل نہیں۔ چنانچہ رفتہ رفتہ مسلمان وحی کی رہنمائی سے دُور ہوتے چلے گئے اور اسی بے راہ روی نے ہزاروں غلط پگڈنڈیاں نکال دیں۔ اگر رسول کریمؐ کے وصال کو آج کا واقعہ خیال کر کے وحی کی رہنمائی میں زندگی بسر کی جائے تو غلط روی کا امکان نہیں رہتا۔

والسّلام



عکس خط احسان دانش بنام مولانا حفظ الرحمٰن منہاس مرحوم

مُتفرّقات

(تعداد چار)

سلسلہ نمبر ۱ - عجائب گھر نمبر ۱۳۱۷

اشتہار نیلام

سائز ۲۳ سم × ۱/۲ ۱۸ سم جلی قلم

منگل کے دن ۲۹ تاریخ جنوری کو ۱۰ بجے صبح کے پریڈ توپخانہ پر متصل کوٹھی کرنل لارنس صاحب بہادر کے گھوڑے، خچر اور ایک بہت عمدہ ہاتھی اور اور کئی طرح کے اسباب نیلام ہوں گے جس صاحب کو خریدنا منظور ہو۔ مقام مذکور پر تشریف لاوے۔

مطبوعہ مطبع کوہ نور لاہور

پُشت پر انگریزی اُردو دونوں میں لکھا ہے:-

Fakeer syed Nooruddeen

فقیر سیّد نُورالدین صاحب

عنوان اور مطبع کا نام وغیرہ نسخ میں ہے باقی نستعلیق میں۔

سلسلہ نمبر ۲ - عجائب گھر نمبر ج ۵-جے - ۱۳۳۵/۲/۷

ورق در وقائع رنجیت سنگھ

سائز ۶۴ سم × ۱۲ سم، ۵۰ سطور، بخطِ شکستہ

بفضل سری اکال پورکھ جی

آغاز:- "اخبار دربار معلی بدین . . . . است کہ وقت سہ پہر سری حضور انور از بستر استراحت بیدار شدند . . . .

از تحت گاہ درمیدان

. . . .

امروز بتاریخ بیست و پنجم ماہ

. . . .

درخطۂ کشمیر عنایت می فرمایند

اختتام :- واضح رائے عالی باد زیادہ حد ادب"

سلسلہ نمبر ۳ - عجائب گھر نمبر ۱۴۱۸

درخواست دربارۂ بقایا تنخواہ

سائز ½۳۰ سم × ۱۳ سم قلم متوسط، خط معمولی شکستہ آمیز، کل ۱۹ سطور، حکم تین سطروں میں۔

یہ درخواست اس اعتبار سے دلچسپ ہے کہ اس میں مخلوط زبان یعنی فارسی، اُردو اور پنجابی ملی جلی استعمال کی گئی ہے۔ چند جملے تفنّنِ طبع کے لیئے پیش کیے جاتے ہیں۔ اس کا آغاز ہوالغنی سے کیا گیا ہے۔

"عرض در خدمت شریف . . . . از فدوی دو خیمہ دوز دو پارہ دوز عرض رکھتے ہیں۔
جس وقت سے خود ارادہ طرف ملتان کا ہویا تھا از طرفِ سرکار ہمراہ قدم مبارک رفتہ بودیم . . .
خداوند بموجب ہفت روپیہ ماہ از ہشت ماہ بدست نیاید و منشی کہتے ہیں کہ بغیر چھٹی صاحب ہی سین طلب ہماری ساتھ میں ہاتھ نہ آوے گی . . . ."

عرضی

فدویان نتھا و چندواداس و سلطان

حکم ہوا کہ

عرضی ہذا پیش خدمت فقیر صاحب فقیر سید نورالدین بھیجی جاوے

۱۷ مئی ۱۸۴۹ء

Ro دستخط

سلسلہ نمبر ۴ - عجائب گھر نمبر ۶۴۲

سپاسنامہ

منجانب اہلِ دہلی بخدمت مسٹر ولیم کولڈ سٹریم

سائز ۲۰ سم × ۷ سم - باجدول - قلم نہایت خفی - خوشخط نستعلیق

متن

صاحب جمیل المناقب عمیم الاحسان، علما کے قدر افزا اور علم کے قدر دان، خدا کی عبادت کرنے والے اور خلق پر مہربان جناب مستطاب ولیم کولڈ سٹریم صاحب بہادر سے عرض کیا جاتا ہے کہ آج دہلی میں جو شخص حق گزار اور حق شناس ہے آپ کے تشریف لے جانے سے بہت غمگین اور اداس ہے۔ آپ کے باعث سے اس شہر میں علم نے وہ رواج پایا کہ ہم کہہ سکتے ہیں کہ آپ نے دلی کو خطۂ یونان بنایا۔ انبیا کے معجزوں میں بڑا معجزہ ہے مُردوں کو جلانا مگر ہمارے نزدیک اوس سے کم نہیں ہے جاہل کا عالم بنانا۔ آپ نے جو ہر طرف ہزار در ہزار جاہل عالم بنا دیئے ہیں گویا پنجاب کے احاطہ قلم رو میں جہاں تک نظر کام کرے مُردے جلا دیئے ہیں، رُوح مُربی جسم کی اور علم مربی عقل کا ہے۔ دانشمند لوگ کیوں نہ جانیں کہ علم رُتبے میں روح سے سوا ہے۔ آپ جس ملک میں تشریف لے جائیں گے جیسا یہاں والوں نے آپ سے فیض پایا ہے وہاں والے بھی فیض پائیں گے اور اگر دہلی کی سوسائٹی کے ممبروں کو اوس ملک کے آدمیوں پر رشک آوے گا تو آخر باتفاق رائے ہم کو یہ امر قرار پائے گا کہ نہیں حسد کی جگہ زنہار نہیں، دریا کے پانی میں بخل درکار نہیں۔ رواج علم مجموع ممالک میں دو چند ہونے دو جیسے تم کامیاب ہوئے اوروں کو بھی بہرہ مند ہونے دو۔ معہذا یہ بات بھی دلنشین ہے اور ہم کو اس کا یقین ہے کہ ہمارے حضرت کہیں رہیں ہمکو بھول نہ جائیں گے اور وہیں سے ہماری ترقی میں توجہ فرمائیں گے۔

یارب اس سرورِ دلاور کو - اس خداوند بندہ پرور کو
شاد و آباد و شادماں رکھیو - اور ہم سب پہ مہرباں رکھیو

دستخط ارکان دہلی سوسائٹی

نوٹ (۱) کچھ دستخط انگریزی میں ہیں باقی میں سے بعض دستخط صاف نہیں ہیں۔ جو صاف پڑھے جاتے ہیں وہ یہ ہیں:-
محی الدین - جیون لال آنریری مجسٹریٹ دہلی - غلام حیدر خاں - راجہ سالک رام - محمد ضیاء اللہ - عبدالقادر - مہیش داس مجسٹریٹ - راجہ دیبی سنگھ - محمد لطیف - غلام رضا - سالک رام خزانچی - محمد نصیر الدین - لطف حسین - میر قاسم خان - ولایت علی - شیخ آنریری مجسٹریٹ - بختاور سنگھ - اسد اللہ خاں غالب۔

(۲) اس سپاسنامے کا عکس سرورق کے صفحہ ۳ پر ملاحظہ فرمائیے۔

عطیّات از فقیر سیّد جلالُ الدّین ٹرسٹ، لاہور

ٹرسٹ کے موجودہ سربراہ میجر فقیر سید مُغیث الدین نے ازراہِ کمال مہربانی ٹرسٹ کی طرف سے عجائب گھر، لاہور کو کئی بیش بہا اور نادر اشیا پیش کی ہیں۔ ان میں دیگر نوادرات کے علاوہ آٹھ قلمی قرآن مجید، ایک حمائل شریف، صحیح بخاری شریف، تفسیرِ حسینی، شاہنامۂ فردوسی، دیوانِ حافظ اور دیوانِ بیدل کا ایک ایک قلمی نسخہ، دو روزنامچے، ایک کتابِ مُراسلات اور تین دوسرے مخطوطات، خطاطی کے پانچ نادر نمونے اور چونتیس نہایت اہم دستاویزات شامل ہیں۔ مخطوطات اور دیگر نوادرات وغیرہ کی تفصیلات متعلقہ فہرستوں میں پیش کی جائیں گی۔ زیرِ نظر فہرست میں مہاراجہ رنجیت سنگھ کے دو فرامین کے علاوہ مختلف لوگوں کے مُراسلات بنام فقیر سید نورالدین محمد بخاری، کچھ معروضے، رُقعے اور پروانے شامل کئے گئے ہیں۔ ان کی مجمل فہرست درج ذیل ہے۔ تفصیلات آیندہ اوراق میں ملیں گی۔ یہ دستاویزات سب کی سب فارسی میں ہیں۔

سلسلہ نمبر	قسم دستاویز	صفحہ نمبر	سلسلہ نمبر	قسم دستاویز	صفحہ نمبر
۱/۱۴۳۶	معروضہ سائز ۳۷ سم × ۱۷½ سم	۵۰	۱۸/۱۴۵۳	دستاویز وقف دستخطی فقیر سید نورالدین بخاری	۵۲
۲/۱۴۳۷	معروضہ سائز ۲۸ سم × ۱۶ سم	۵۰	۱۹/۱۴۵۴	مُراسلہ سائز ۲۶½ سم × ۱۵½ سم	۵۲
۳/۱۴۳۸	مُراسلہ سائز ۲۰ سم × ۱۱ سم	۵۰	۲۰/۱۴۵۵	مُراسلہ سائز ۲۲ سم × ۱۹ سم	۵۳
۴/۱۴۳۹	معروضہ سائز ۳۳½ سم × ۱۶½ سم	۵۰	۲۱/۱۴۵۶	مُراسلہ سائز ۳۰ سم × ۱۲½ سم	۵۳
۵/۱۴۴۰	مُراسلہ سائز ۵۳ سم × ۲۶ سم	۵۰	۲۲/۱۴۵۷	رُقعہ سائز ۱۶ سم × ۱۲ سم	۵۳
۶/۱۴۴۱	مُراسلہ سائز ۱۷½ سم × ۱۱ سم	۵۰	۲۳/۱۴۵۸	معروضہ سائز ۳۶½ سم × ۱۴½ سم	۵۳
۷/۱۴۴۲	مُراسلہ سائز ۲۱ سم × ۱۳½ سم	۵۰	۲۴/۱۴۵۹	مُراسلہ (مع لفافہ) ۲۴ سم × ۱۷ سم	۵۳
۸/۱۴۴۳	مُراسلہ سائز ۲۲ سم × ۱۲½	۵۱	۲۵/۱۴۶۰	رُقعہ سائز ۱۶½ سم × ۱۰ سم	۵۳
۹/۱۴۴۴	معروضہ سائز ۲۷½ سم × ۱۷ سم	۵۱	۲۶/۱۴۶۱	مُراسلہ سائز ۱۹ سم × ۱۰ سم	۵۳
۱۰/۱۴۴۵	پروانۂ راہداری سائز ۵۵ سم × ۱۷ سم	۵۱	۲۷/۱۴۶۲	مُراسلہ سائز ۲۱½ سم × ۱۹½ سم	۵۳
۱۱/۱۴۴۶	مُراسلہ (مع لفافہ) سائز ۴۸ سم × ۱۶½ سم	۵۱	۲۸/۱۴۶۳	مُراسلہ سائز ۲۷½ سم × ۲۰ سم	۵۴
۱۲/۱۴۴۷	معروضہ سائز ۳۸ سم × ۱۷ سم	۵۱	۲۹/۱۴۶۴	پروانۂ راہداری ۳۴½ سم × ۱۷ سم	۵۴
۱۳/۱۴۴۸	معروضہ سائز ۳۸ سم × ۱۶½ سم	۵۱	۳۰/۱۴۶۵	مُراسلہ سائز ۱۴½ سم × ۱۲½ سم	۵۴
۱۴/۱۴۴۹	معروضہ سائز ۳۸ سم × ۱۷ سم	۵۲	۳۱/۱۴۶۶	مُراسلہ (مع لفافہ) ۳۰ سم × ۲۱½ سم	۵۴
۱۵/۱۴۵۰	معروضہ سائز ۳۸ سم × ۱۸ سم	۵۲	۳۲/۱۴۶۷	مُراسلہ (مع لفافہ) ۳۵ سم × ۱۸ سم	۵۴
۱۶/۱۴۵۱	معروضہ سائز ۳۰½ سم × ۱۴ سم	۵۲	۳۳/۱۴۶۸	فرمانِ مہاراجہ رنجیت سنگھ ۲۹ سم × ۱۲½ سم	۵۵
۱۷/۱۴۵۲	معروضہ سائز ۳۹½ سم × ۱۷½ سم	۵۲	۳۴/۱۴۶۹	فرمانِ مہاراجہ رنجیت سنگھ ۳۰ سم × ۱۲½ سم	۵۶

تفصیلاتِ دستاویزات

۱/۱۴۳۶ **مَعرُوضہ**۔ سائز ۳۷ سم × ۱۷½ سم۔ کُل ۱۰ سطور (۵ سطور حاشیے میں) بخطِ شکستہ۔ جلی قلم۔ بلا تاریخ۔

آغاز:۔ بموقفِ عرض باریافتگان حاشیہ نشینانِ بساطِ فیض مناط قدر دان فیض بخش فیض رسان مخدوم عالم و عالمیان دام اقبالہٗ

اِختتام:۔ ایامِ دولت و حشمت مدام مُستدام بکام باد زیادہ نیاز۔

۲/۱۴۳۷ **مَعرُوضہ**۔ سائز ۲۸ سم × ۱۶ سم۔ کُل ۱۱ سطور۔ بخطِ شکستہ۔ متوسط قلم۔ بلا تاریخ۔

آغاز:۔ مہاراجہ دہراج خداوندِ نعمت فیاضِ زمان دام اقبالہٗ

اِختتام:۔ فدوی محکم چند اخبار نویس مقام شاہجہاں آباد۔

۳/۱۴۳۸ **مُراسلہ**۔ بنام فقیر سید نور الدین محمد بخاری۔ سائز ۲۰ سم × ۱۱ سم۔ کُل ۵ سطور۔ بخطِ شکستہ۔ متوسط قلم۔

آغاز:۔ مشیخت و نعفیلت پناہ ایالت دستگاہ خلیفہ نور الدین مسرور باشند۔

اِختتام:۔ (آخری سطر کٹی ہوئی ہے) سمت ۱۸۷۲

۴/۱۴۳۹ **مَعرُوضہ**۔ سائز ۳۴½ سم × ۱۶½ سم۔ کُل ۱۳ سطور۔ بخطِ نستعلیق۔ جلی قلم۔

آغاز:۔ بفضلِ سری اکال پورکھ جی

حضورِ کرامت نشور مہاراجہ صاحب خداوندِ نعمت و فیاضِ زمان دام اقبالہٗ

اختتام۔ معروضہٗ فدوی کشن لعل (نام کالی مستطیل مُہر اور سفید حروف میں) یکم ماہ جیٹھ سمت ۱۸۹۵۔

۵/۱۴۴۰ **مُراسلہ** بنام فقیر سید نور الدین محمد بخاری۔ سائز ۵۳ سم × ۲۶ سم۔ کُل ۱۲ سطور (۵ حاشیے میں) بخطِ شکستہ۔ متوسط قلم۔ بلا تاریخ حاشیے کی سطور میں سے صرف ایک سالم ہے باقی چاروں کے آخری حصے کٹے ہوئے ہیں۔

آغاز:۔ . . . چوں موضع شما از حضورِ انور موجب پروانہ . . . . . .

اِختتام:۔ فقیر صاحب دام اقبالہٗ خاطر . . . . . .

۶/۱۴۴۱ **مُراسلہ**۔ بنام فقیر سید نور الدین محمد بخاری۔ سائز ۱۷½ سم × ۱۱ سم۔ کُل ۱۳ سطور (۴ حاشیے میں) زمین پھولدار۔ بخطِ نستعلیق۔ متوسط قلم۔ بلا تاریخ۔

آغاز:۔ بفضلِ سری اکال پورکھ جی

صاحب مُشفق مہربانِ دوستان یکجہتی و یکرنگی نشان سلامت۔

اِختتام۔ و مژدات صحت و صفا . . . سامی انگاشتہ تحریر آں سرور افزائے دل مواحدت منزل باید فرمود . . .

۷/۱۴۴۲ **مُراسلہ**۔ بنام فقیر سید نور الدین محمد بخاری۔ سائز ۲۱ سم × ۱۳½ سم۔ کُل ۱۵ سطور (۷ حاشیے میں) بخطِ شکستہ۔ متوسط قلم۔ موٹی سیاہ جدول۔

آغاز:۔ فقیر صاحب مشفق و مہربانِ دوستان زُبدۂ خاندان عز و علا نقاوۂ دودمانِ مجد و اعتلا اُستاد الرئیس خیر خواہ باصفائے قدیم رئیس الحکما سید نور الدین شاہ بخاری سلمہٗ

اِختتام۔ تحریر ۱۸ر فروری ۱۸۵۲ء مقام . . . (دستخط بحروفِ انگریزی)

8/1443 مُراسلہ بنام فقیر سیّد نُورالدّین محمد بُخاری

سائز ۲۲ سم × ½ ۱۲ سم کُل ۱۳ سطُور (۲ حاشیے میں) بخطِ شکستہ۔ متوسط قلم۔ مرئی سیاہ جدول۔

آغاز:۔ فقیر صاحب مشفق و مہربانِ دوستان زُبدۂ خاندانِ عز و عُلا نُقاوۂ دودمانِ مجد و اعتلا اُستاد الرئیس خیر خواہ با صفائے قدیم رئیس الحکماء سیّد نورالدّین شاہ بُخاری سلّمہٗ

اِختتام:۔ محررۂ ۹ر فروری ۱۸۵۲ء مقام . . . (دستخط بحروف انگریزی)

9/1444 معرُوضہ۔ سائز ½ ۲۷ سم × ۱۷ سم۔ کُل ۲۲ سطُور (۹ حاشیے میں) بخطِ شکستہ۔ متوسط قلم۔ پھُولدار زمین۔ اُوپر سے ایک تہائی کے قریب کاغذ خالی ہے۔

آغاز:۔ بوقتِ عرض باریابانِ بارگاہ جم جاہ . . . فیض رسانِ عالمیاں خسرو گیہاں مہاراجہ رنجیت سنگھ بہادر دام اقبالہٗ

اختتام:۔ زیادہ حدِ ادب۔ چیت بُدی . . . سمت ۱۸۹۲

آخر میں کالی مُہر اور سفید حروف میں (اکال سہائے اجیت سنگھ)

10/1445 پروانۂ راہداری۔ سائز ۵۵ سم × ۱۷ سم۔ کُل ۱۳ سطُور۔ بخطِ شکستہ۔ متوسط قلم۔ کاغذ کرم خوردہ۔ اُوپر جان لارنس کے دستخط انگریزی میں ہیں۔

آغاز:۔ از محکمہ ریذیڈنسی لاہور دستخطی مسٹر جان لارنس ریذیڈنٹ لاہور و ایجنٹ ٹو دی گورنر جنرل . . . راہداران و گزربانان و اہلکاران . . .

اِختتام:۔ تحریر بیکم ماہ اگست ۱۸۴۶ء حصار لاہور . . .

11/1446 مُراسلہ بنام فقیر سید نُورالدّین محمد بُخاری (مع لفافہ) سائز ۲۸ سم × ½ ۲۶ سم۔ کُل ۱۴ سطُور (۷ حاشیے میں) بخطِ شکستہ متوسط قلم۔ زمین پھُولدار۔ آغاز:۔ جناب فقیر صاحب مخدوم و مطاع خلوص کیشان زادات مجدہٗ

اِختتام:۔ . . . بندہ حیدر غفر ذنوبہٗ و ستر عیوبہٗ ۲۳ر فروری ۱۸۵۰ء

12/1447 معرُوضہ۔ سائز ۲۸ سم × ۱۷ سم۔ کُل ۱۴ سطُور (۳ حاشیے میں) بخطِ شکستہ۔ متوسط قلم۔ زمین پھُولدار۔ بلا تاریخ۔

آغاز:۔ بوقتِ عرض باریابان حاشیہ نشینان بساطِ فیض مناط فیض بخش فیض رسانِ عالم و عالمیان دام اقبالہٗ

اِختتام:۔ زیادہ ایّام دولت و حشمت و اقبال مُستدام بکام باد زیادہ نیاز۔

13/1448 معرُوضہ۔ سائز ۳۰ سم × ½ ۱۶ سم۔ کُل ۱۶ سطُور بخطِ نستعلیق۔ متوسط قلم۔ زمین پھُولدار۔ بلا تاریخ۔

آغاز:۔ بعز عرض بساط بوسانِ حضورِ دولت ظہور جنابِ مُعلّیٰ القاب جم حشم سلیمان دستگاہ فلک شکوہ کیوان بارگاہ مہاراجہ عالی جاہ بہادر خلّد اللہ مُلکہٗ و اقبالہٗ افاض علی العالمین برّہٗ و احسانہٗ

اِختتام:۔ الٰہی آفتابِ دولت و اقبال بر سپہرِ عظمت و اجلال تاباں و درخشاں باد

عرضی

فدوی بہاری لعل (نام کی مُہر زمین سیاہ حروف سفید) مقام شاہجہاں آباد

۱۴/۱۴۴۹ **معروضہ** - سائز ۲۸ سم × ۱۷ سم - کل ۹ سطور - بخطِ نستعلیق - متوسط قلم - زمین پھولدار - قدرے کرم خوردہ -

آغاز :- بعرض بندگانِ عالی جناب مستطاب مہاراجہ صاحب خداوند نعمت وفیاضِ زمان دام اقبالہٗ -

اختتام :- زیادہ حد ادب الٰہی آفتابِ دولت و اقبال تاباں و درخشاں باد

فدوی کشن لعل (نام کی مُہر سیاہ ، حروف سفید) معروضہ غرّہ ذی حجہ ۱۲۵۳ھ

۱۵/۱۴۵۰ **معروضہ** - سائز ۲۸ سم × ۱۸ سم - کل ۲۶ سطور - بخطِ شکستہ - متوسط قلم - زمین پھولدار -

آغاز :- بعز عرض آستانِ فیض مناط جناب عالی متعالی مہاراجہ صاحب دحرم اوتار غریب پرور سلامت

اختتام :- عرضے فدوی غلامان غلام جوتا سنگھ معروضہ یکم ماہ مگھ سمت ۱۹۵۲

۱۶/۱۴۵۱ **معروضہ** - سائز ½۴۰ سم × ۱۴ سم - کل ۱۲ سطور - بخطِ شکستہ - متوسط قلم - زمین پھولدار - بلا تاریخ -

آغاز :- بعز عرض بندگانِ عالی متعالی شہنشاہ گیتی پناہ دام اقبالہٗ و تزاید عمرہٗ و سلمہٗ سری مہاراج جیو

اختتام :- دولتِ اقبال روز افزوں بر دوام باد

۱۷/۱۴۵۲ **معروضہ** - سائز ½۲۹ سم × ½۱۷ سم - کل ۱۸ سطور - بخطِ نستعلیق - متوسط قلم - زمین پھولدار - بلا تاریخ -

آغاز :- بجناب معلی القاب مہاراجہ صاحب قبلہ خداوند نعمت و دولت روزی بخش و روزی رسان عالم و عالمیان دام اقبالہٗ

اختتام :- ایں دعا از من و از خلقِ جہاں آمین باد

۱۸/۱۴۵۳ **دستاویزِ وقف** دستخطی فقیر سید نور الدین محمد بخاری

سائز ۴۹ سم × ۲۶ سم - کل ۱۵ سطور - جلی قلم -

آغاز :- رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا

دریں وقت میمنت رخت کہ روزِ دوشنبہ تاریخ ۹ ، ذی حج ۱۲۶۴ھ روزِ عرفہ مبارک یوم الحج است بموجبِ آنچہ در سابق عہد کردہ بودم بایفائے وعدۂ آں بصدقِ دل و کمالِ خشوع و خضوع و عجز و انکسار و نیاز و تضرع ہزاراں ہزار آداب و تسلیمات نوشتہ ام آنچہ مایطلق علیہ اِسْمُ الشَّیْئِ در ملکِ ایں بندہ گنہگار امیدوار افضال کردگار فقیر سید نور الدین محمد بخاری می باشد و ہست تمامہ از حویلی ہا . . . . و منقود

وغیرہ ہمہ نذرِ خدا و نیاز اہل بیت نمودہ ام

اختتام :- تحریر بتاریخ ۹ ماہ ذی الحج ۱۲۶۴ھ

آخری سطر سے اوپر تیرہ گواہوں کی تصدیقی مہریں ثبت ہیں -

۱۹/۱۴۵۴ **مراسلہ** بنام فقیر سید نور الدین محمد بخاری -

سائز ½۲۶ سم × ½۱۵ سم - کل ۱۳ سطور (۶ حاشیے میں) - بلا تاریخ - بخطِ شکستہ - جلی قلم - اوپر کے داہنے کونے میں دستخط بزبان انگریزی -

آغاز :- فقیر صاحب مشفق و مہربانِ دوستان فقیر سید محمد نور الدین بخاری سلامت

اختتام :- سیوم جنوری ۱۸۵۰ء مسیحی -

۲۰/۱۴۵۵ مُراسلہ بنام فقیر سید نورالدین محمد بخاری۔ سائز ۲۲ سم × ۱۹ سم۔ کل ۱۰ سطور۔ بخطِ نستعلیق۔ متوسط قلم۔
آغاز:۔ سلالۂ خاندانِ عز و علا نقاوۂ دُودمانِ مجد و اعتلا مشفق مہربان دوستان فقیر سید نورالدین محمد سلامت
اختتام:۔ بعید از عنایت ہائے دوستانہ نخواہد بود فقط زیادہ حد . . . . .
(نیچے انگریزی میں دستخط ہیں)

۲۱/۱۴۵۶ مُراسلہ بنام فقیر سید نورالدین محمد بخاری۔ سائز ۳۰ سم × ½ ۱۲ سم۔ کل سطور بخطِ نستعلیق شکستہ آمیز۔
متوسط قلم۔ قدرے کرم خوردہ۔
آغاز:۔ سلالۂ خاندانِ عز و علا نقاوۂ دودمانِ مجد و اعتلا استاد الرئیس رئیس الحکما فقیر سید نورالدین محمد بخاری مسرور باشند
اختتام:۔ تحریر بتاریخ ۲۶ ماگھ سمت ۱۹۰۵ بہ روانگیٔ حضور . . . . .

۲۲/۱۴۵۷ رُقعہ۔ سائز ۱۶ سم × ۱۲ سم۔ کل ۵ سطور۔ بخط نستعلیق شکستہ آمیز۔ بلاتاریخ
آغاز:۔ جناب حضرت و قبلۂ من سلامت۔ اختتام:۔ سید رجب علی عفی عنہ

۲۳/۱۴۵۸ معروضہ۔ سائز ½ ۳۶ سم × ½ ۱۶ سم کل ۱۹ سطور۔ بخطِ شکستہ۔ متوسط قلم۔
آغاز:۔ بغرض مہاراجہ صاحب خداوند خدایگان حاجت روائی حاجت مندان غریب پرور والا شان مہاراجہ دہراج سری مہاراجہ نونہال سنگھ بہادر دام اقبالہٗ
اختتام:۔ فدوی رتن سنگھ منڈی والا۔ ۲۲ ماہ ساون سمت ۱۸۹۷
نیچے بیضوی مہر ہے سیاہ زمین اور سفید حروف

۲۴/۱۴۵۹ مُراسلہ بنام فقیر سید نورالدین محمد بخاری (مع لفافہ)
سائز ۳۴ سم × ۱۷ سم۔ کل ۲۰ سطور (۱۳ حاشیے ہیں) بخطِ شکستہ۔ جلی قلم۔
آغاز:۔ جناب فقیر صاحب مخدوم و مُطاع خلوص کیشان زاد مجدہٗ
اختتام:۔ میجر جارج مکریگر صاحب بہادر ڈپٹی کمشنر لاہور ۱۱ مارچ ۱۸۵۱ء

۲۵/۱۴۶۰ رُقعہ۔ سائز ½ ۱۷ سم × ۱۰ سم۔ کل ۳ سطور۔ بخط شکستہ۔ متوسط قلم۔ بلاتاریخ۔
آغاز:۔ مستری نظام الدین جی۔ اختتام:۔ بحضور سری سرکار حاضر ہستند۔

۲۶/۱۴۶۱ مُراسلہ بنام فقیر سید نورالدین محمد بخاری
سائز ۱۹ سم × ۱۰ سم۔ کل ۹ سطور۔ بخط شکستہ۔ متوسط قلم۔ بلاتاریخ۔
آغاز:۔ ست سری اکال۔ زبدۂ دُودمانِ عظام خیر خواہ با صفا فقیر سید نورالدین . . . . .
اختتام:۔ بہ روانگی حضور بلدۂ لاہور . . . . .
دو بیضوی مہریں ہیں اور ایک مربع مہر (گورمکھی میں) زمین سیاہ حروف سفید۔

۲۷/۱۴۶۲ مُراسلہ بنام فقیر سید نورالدین محمد (مع لفافہ)
سائز ½ ۳۱ سم × ½ ۱۹ سم۔ کل ۱۵ سطور (۷ حاشیے ہیں) بخط شکستہ۔ متوسط قلم۔

۳۴/۱۳۶۹ فرمانِ مہاراجہ رنجیت سنگھ بنام سردار امیر سنگھ و فقیر سید نور الدین محمد بخاری۔

مؤرخہ ۱۹/پوہ سمت ۱۸۸۸ سائز۔ ۳۰ سم × ۱۲½ سم کل ۲۷ سطور (۱۱ سطور حاشیے میں)

بخطِ شکستہ آمیز نستعلیق۔ متوسط قلم

اصل فرمان کی زبان فارسی ہے مگر چوں کہ اس فرمان سے کئی اہم امور پر روشنی پڑتی ہے اس لئے اس کا اُردو ترجمہ پیش کیا جاتا ہے:۔

بفضلِ سری اکال پورکھ جی

اوجل دیدار نرمل بدھ سردار امیر سنگھ جیو و خیر خواہِ باصفا فقیر نُورالدّین خداوند تعالیٰ کی حفاظت میں رہیں۔ سری ست گورو جی کے فضل سے آپ کے نام ارشادِ والا صادر کیا جاتا ہے کہ اپنے آپ کو شہر لاہور کی حفاظت کا ذمہ دار سمجھ کر خبردار رہیں۔ سری ست گورو جی نہ کریں اگر حضور والا کے فرزندِ عزیز کنور کھڑک سنگھ جیو، کنور شیر سنگھ جیو، راجہ کلاں بہادر، راجہ سُچیت سنگھ جیو یا جمعدار جیو سے کوئی نامناسب کام سرزد ہو تو آپ حضورِ والا سے اس بارہ میں عرض کر دیا کریں اور کسی اپنے قابلِ اعتماد شخص کو سمجھا کر سرداران وغیرہ کے پاس بھیج دیا کریں اور انہیں اس نامناسب کام سے منع کر دیا کریں۔ اور اگر وہ آپ کی ہدایت پر عمل کریں تو بہتر ورنہ انہیں کہلا بھیجا جائے کہ حضورِ انور کی خدمت میں عرض کر دیا جائے گا۔ علاوہ ازیں آپ کسی کی زمین پر زبردستی قبضہ نہ ہونے دیں اور نہ کسی کا مکان گرانے دیں۔ لکڑہاروں، بھُوسہ فروشوں، روغن فروشوں اور نعلبندوں وغیرہ کارخانہ والوں پر زیادتی نہ ہونے دیں۔ اس صورت میں بھی اپنے مُلازمان کے ذریعے ظالم کو زیادتی سے روک دیا کریں اور سردار دیسا سنگھ جی کی طرح بندوبست کریں اور کسی پر سختی نہ ہونے دیں اور ہر شخص کی ضروری عرض آپ سُن کر جنابِ والا کی خدمت میں بیان کریں۔ مزید برآں کوتوال چند ل عدالت والا اور بابو پانڈہ کو ہر روز بلا کر اُن سے ہر خبر کی رپورٹ لیا کریں تاکہ سب کی حق رسی ہو اور کسی پر زیادتی نہ ہو۔

شہر کے دروازوں کی چوُلوں کی مرمت عدالت کی آمدنی سے کرائی جائے۔ ہزارہ سواروں کو راستوں کی حفاظت کے لئے مقرر کیا جائے اور تمام شہر لاہور کی حفاظت اپنے ذمہ خیال کر کے تحریر ہٰذا کے مطابق عمل کریں۔ فقط

حضور کی تحریر از مقام لاہور

۱۹/ماہ پوہ سمت ۱۸۸۸

S. No.	Museum No.	Dated	Size.	No. of Lines	Remarks
9.	1427	24th Aug.	20cmx12cm	16	Typed

"Nishat",
Palampur, 24th August.

(Embossed seal of the Parliamentary Secretary, Punjab).

My dear Abdul Majid,

Many thanks for your kind letter. The Government is already considering the question of the Electric Supply Co. of Lahore's contract. But how it is going to help the city? Surely no one is going to give you electricity gratis. The Hydro-Electric is already not running on very good profit and the Government cannot make a present to Lahore City at the cost of the tax-payer of the province.

Yours Sincerely,
Ahmad Yar Khan.

Note : On the back of this letter has been scribbled a reply to it in Urdu.

S. No.	Museum No.	Dated	Size	No. of Lines	Remarks
10.	1428	21-10-1951	20cmx12¼cm	19	Typed

(Embossed seal of Rai Bahadur Boota Singh, C.I.E. of Rawalpindi.)

ATMA SINGH
NAMDHARI

Bagh Mahaldar Khan,
Delhi,
Dated : 21-10-1951.

Dear Madam,

I send you and the people of Pakistan mine and my *Sardarni's* heart-felt sympathies on the sad and unfortunate demise of the late Hon'ble Mr. Liaqat Ali Khan.

May Almighty father and Rahmat-ul-Almine bestow peace to the departed soul and bless you all with the courage and patience to bear the irreparable loss.

Please accept our deep sympathies in your National bereavement.

Yours
Atma Singh
Namdhari.

S. No.	Museum No.	Dated	Size.	No. of Lines	Remarks
7.	1425	12-9-1939	20cmx12¼cm	34	Typed

Hotel Cecil,
Simla, the 12th Sep., 1939.

(Embossed seal of the Legislative Assembly)

Dear Sir,

Thank your for your letter dated September 2. I have noted the suggestions made by you........and I hope that Mussalmans of Punjab will do everything in their power to see that full-fledged Provincial League is established without any further dedlay as Punjab is the only Province which is left behind all other Provinces who have already got their Provincial Leagues.

I thank you for the enclosed poem which I appreciated very much.

Yours Truly,
M. A. Jinnah

Editor,
The "Paisa Akhbar", Lahore.

S. No.	Museum No.	Dated	Size.	No. of Lines	Remarks
8.	1426	14-9-1943	21¼cmx17cm	22	Typed

Mount Pleasant Road,
Malabar Hill, Bombay,
14th September, 1943.

Dear Sir,

I am in receipt of your letter of the 11th instant and beg to inform you that I have already in my appeal to the Mussalams advised them to send their contributions for the sufferers of Bengal......This is the most practical and speedy method of giving immediate relief to the sufferers in Bengal.

Thanking you for the sympathy you have shown for me with regard to the recent assault made on my life.

Yours faithfully,
M. A. Jinnah

Abdul Majid. Esq,
Manager,
The Paisa Akhbar, Lahore.

S. No.	Museum No.	Dated	Size	No. of Lines	Remarks
5.	1423	10-2-1914	18cmx11cm.	32	A running hand

Lahore: 10th Feb., 1914.

Dear Mir Sahib,

Your friend must put himself in correspondence with the Secretary, Advisory Committee, Lahore, if he wishes to proceed to England in March..............

....

I have just written to the Secretary to send you the rules if he has got spare copies,

Yours Ever,

Md. Iqbal

P. S.

For the particulars about journey etc., my knowledge has become rather antiquated.

Md. Iqbal

S. No.	Museum No.	Dated	Size.	No. of Lines	Remarks
6.	1424	29-1-1939	17¼cmx11cm	23	Typed

Malabar Hill, Bombay,
29th January, 1939.

(Embossed seal of the Legislative Assembly)

Dear Sir,

I have received your letter of the 24th January, 1939 and I have received your Urdu letter. I have noted your suggestions and we are doing our best but I would request you to get in touch with the Central Muslim League Office, Delhi.........................

Yours truly,
M. A. Jinnah

Abdul Majid, Esq.,
"Paisa Akhbar" Office, Lahore.

S. No.	Museum No.	Dated	Size	No. of Lines	Remarks
3.	1421	15-10-1894	20cmx12½cm	28	A fairly good hand

Sirinagar, 15th October, 94.

Dear Mr. Rodgers,

In reply to your letter to me.

It came when I was incapacitated by a very bad accident......

....

....

The enclosed vernacular reply to a 'robkar' sent by me to General Punjab Singh will give you the particulars you asked for. Manauri Kot was the name by which the Dogras called the Fort of Yasin which was taken by General Hushiara, the best leader the Dogras ever had.

I believe the defenders surrendered on a promise of safety but all were butchered according to the custom of oriental war in like cases.

Yours Sincerely
H. Trevoor.

S. No.	Museum No.	Dated	Size	No. of Lines	Remarks
4.	1422	7-6-1913	17½cmx11cm	18	A good hand

Lahore:
7th June, 1913.

My dear Tek Chand,

Please accept my sincere thanks for your kind congratulations and good wishes. The appointment, though involving financial loss, would give me much-needed relief from the cases and anxieties of a busy public life and enable me to devote some time to private studies.

I trust you are in the enjoyment of good health.

With kindest regards,
I am,
Yours sincerely,

Shadi Lal

S. No.	Museum No.	Dated	Size	No. of Lines	Remarks
1.	1419	17-10-1888	20cmx12¼cm	39	A fairly good hand

Revenue and Agriculture Department,
Simla 17 Oct., 1888.

My dear Mr. Rodgers,

Yours of today is just to hand. I believe the 2 parcels of copper coins are safely packed away in my office.

....

I pick up such notes everywhere, and it is well to jot them down atonce.

Some of these may fall within your programme for tnis season.

Yours sincerely,
J. Burgin.

——

S. No.	Museum No.	Dated	Size	No. of Lines	Remarks.
2.	1420	19-7-1894	17¼cmx11 cm	47	A running hand.

Pachmari—19 July, 94.

My dear Rodgers,

The letter you......yours of 16th......My wife "ran" a successful concert last night and fortunately with a perfect moon and cloudless day for the occasion.

....

I remain,

Yours sincerely,
....

ENGLISH SECTION

(LETTERS)

Sr. No.	Date	From	To	Subject
1.	17-10-1888	Mr. J. Burgin	Mr. C.J. Rodgers	Regarding coins
2.	19-7-1894	....	Mr. C.J. Rodgers	Regarding a concert.
3.	15-10-1894	Mr. H. Trevoor	Mr. C.J. Rodgers	Giving some details of war.
4.	7-6-1913	Sir Shadi Lal	Mr. Tek Chand	Reply to a letter of congratulations.
5.	2-10-1914	Sir M. Iqbal	Mr. Mir	Reply to a letter.
6.	29-1-1939	Quaid-e-Azam M. A. Jinnah.	Mr. A. Majeed, "Paisa Akhbar", Lahore.	Reply to a letter.
7.	12-9-1939	—do—	The Editor, "Paisa Akhbar", Lahore.	Suggesting the organisation of a Provincial Muslim League.
8.	14-9-1943	—do—	Mr. A. Majid "Paisa Akhbar", Lahore.	Regarding contribution for the sufferers of Bengal.
9.	29-8-....	Mr. Ahmad Yar Khan, Parliamentary Secretary, Punjab.		Regarding supply of electric energy.
10.	21-10-1951	Atma Singh Namdhari	Begum Liaqat Ali Khan.	Letter of condolence.



سپاس نامہ

Lahore Museum Publications Series—4

DESCRIPTIVE CATALOGUE

OF

Manuscripts and Rare Publications

VOLUME III

Containing

FARMANS OF MUGHAL EMPERORS,
OFFICIAL AND SEMI-OFFICIAL DOCUMENTS,
LETTERS AND MISCELLANEOUS PAPERS

Compiled by

RASHID AHMAD, M.A., PES-I (Sr.) Retd.

Published by

LAHORE MUSEUM, LAHORE
1972

Din Muhammadi Press, Lahore